روزنامہ

فاروقی تنظیم

بیادگار: مولانا فاروق الحسینی

PATNA

DAK EDITION TUESDAY 23.12.2014 Rs:2/- Vol.:12 Issue No.: 343 Pages.: 12

پٹنہ: منگل ۲۳ دسمبر ۲۰۱۴ء / ۲۹ صفر المظفر ۱۴۳۶ھ

FAROOQUI TANZEEM फारूकी तंजीम

مولانا مظہر الحق کی خدمات ناقابل فراموش

سمستی پور (نعیم الدین) ضلع کے متھورا پور واقع مولانا مظہر الحق ٹیچر ٹریننگ کالج میں مولانا مظہر الحق کی جینتی پر تقریب کا انعقاد ہوا۔ جس کی صدارت کالج کی چیرپرسن سویتا نے کی۔ اس موقع پر کالج کے سکریٹری محمد ابو تمیم نے مولانا مظہر الحق کی شخصیت پر مفصل روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ انہوں نے جنگ آزادی اور ملک کے تعمیر میں جو خدمات انجام دی ہے اسے رہتی دنیا تک کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے۔ مولانا نے ملک میں ہم آہنگی، بھائی چارگی، خیر سگالی کے ماحول کو مہمیز دینے کے لئے جو قربانیاں پیش کی ہے اس سے آج کے مفاد پرست سیاست داں کو سبق لینے کی ضرورت ہے۔ جو اپنی مفاد کے خاطر خیر سگالی کے ماحول کو بگارنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کی پوری زندگی ملک کی خدمت کے لئے وقف تھی۔ نئی نسل کو آج ضرورت ہے کہ ان کے نقش قدم پر چلے۔ یہی انکے تئیں سچا خراج عقیدت ہوگا اور ملک میں امن وامان کا ماحول قائم ہوگا۔ اس موقع پر کالج کے ڈائریکٹر محمد ابو سعید پرنسپل ڈاکٹر سنجے کمار، سماجی کارکن ارون کمار، امیت کمار، علی حسن انصاری، اشوک کمار اکیلا، ارچنا کماری، ڈاکٹر آبھا، پرتیبھا رائے، کوثر جہاں نے جنگ آزادی میں ان کی خدمات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ مجاہد آزادی مولانا مظہر الحق نے انگریزوں کو ملک سے کھدیڑنے نے اپنے کو وقف کردیا تھا۔ مولانا جیسی شخصیت اس روئے زمین پر بار بار نہیں آتی۔ بلکہ صدیوں میں پیدا ہوتی ہے۔